V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۴ رجب المرجب سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۸ اگست سنہ ۱۹۴۲ء	جلد ۵۵

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

منظوری علیحدگی لفٹنٹ محمد اسمٰعیل خاں صاحب منتعینہ رامپور روہیلہ لانسرز بوجہ اختتام زمانہ ڈیپوٹیشن	۲

آرڈران کونسل - رامپور اسٹیٹ

منظوری منتقلی مسٹر دھنجی شاہ سہراب جی سپرنٹنڈنٹ پاور ہاؤس۔	۳

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاسِ ہمایون اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حکم

واقع یکم اگست ۱۹۳۲ء

(اندور)

رپورٹ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض میرسانند

جناب عالی

لفٹنٹ محمد اسمٰعیل خاں صاحب متعینہ رامپور روہیلا انفنٹری کا زمانہ ڈیپوٹیشن ۱۱ر ستمبر ۱۹۳۲ء کو (بعد دوپہر) ختم ہوتا ہے۔ لفٹنٹ صاحب کو ۱۲ر ستمبر ۱۹۳۲ء کو (قبل دوپہر) اپنی سابقہ یونٹ اسکنرس ہارس راولپنڈی کو واپس پہنچکر رپورٹ کرنا چاہئے۔

بموجب دفعہ ۵۹۳ انڈین آرمی ریگولیشن لفٹنٹ صاحب کو دس روز جوائننگ ٹائم اسٹیٹ سے دیئے جائیں گے اس حساب سے لفٹنٹ صاحب کو رامپور سے یکم ستمبر ۱۹۳۲ء کو (بعد دوپہر) روانہ ہونا چاہئے۔ لیکن بموجب شرائط ڈیپوٹیشن ان کو ریاست سے تنخواہ ۱۱ر ستمبر ۱۹۳۲ء (بعد دوپہر) تک کی دیجائے گی۔

لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ۔

(۱) لفٹنٹ محمد اسمٰعیل خاں صاحب کا نام اسٹیٹ سروس سے ۱۱ر ستمبر ۱۹۳۲ء سے (بعد دوپہر) علیحدہ کئے جانے کی منظوری سے شرف نفاذ پائے۔

(۲) لفٹنٹ محمد اسمٰعیل خاں صاحب کو یکم ستمبر ۱۹۳۲ء کو (بعد دوپہر) رامپور سے جانے کی اجازت عطا فرمائی جائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

ضمیمہ

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب ملٹری سکریٹری

مورخہ ۲۵/۲۷ر جولائی ۱۹۳۲ء

آرڈران کونسل - رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۱۶۸ بہ واقع ۵ راگست ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ راگست ۱۹۴۲ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بایں مضمون پیش ہوئی کہ مسٹر دھنجی شاہ سہراب جی سپرنٹنڈنٹ پاور ہاؤس شاہرہ یاب دوسو روپے کا ابتدائی تقرر ۱۵ رجولائی ۱۹۴۰ء سے منظور ہوا تھا اس کے بعد بحکم ۳ رجولائی ۱۹۴۱ء مدت ملازمت میں ایک سال کی توسیع منظور ہوئی - جس کی مدت ۱۴ رجولائی ۱۹۴۲ء کو ختم ہوگئی - صاحب الکٹریکل انجینیر نے یہ ظاہر کرتے ہوئے کہ مندرجہ بالا دو سالہ کی مدت ملازمت میں ان کا کام قابل اطمینان رہا ہے - انہیں بتنخواہ موجودہ ۱۵ رجولائی ۱۹۴۲ء سے مستقل کیے جانے کی تحریک کی ہے - سروس سلکشن بورڈ نے بھی نامبرہ کے تقرر مستقل سے اتفاق کرلیا ہے - لہذا منظوری مستقلی قابل صدور ہے -

طے پایا کہ :-

حسب تجویز مسٹر دھنجی شاہ سہراب جی سپرنٹنڈنٹ پاور ہاؤس شاہرہ یاب دوسو روپیہ ماہانہ کو ۱۵ رجولائی ۱۹۴۲ء سے مستقل کیا جانا منظور ہے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ مدد سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل دفتر گزٹ ہو -

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل